# باب 2

# پینٹنگ کی مشق - II
# (Painting Practice-II)

نویں جماعت کے باب نمبر 3 میں پینٹنگ کو بنیادی معلومات اور مثالوں کے ساتھ متعارف کروایا گیا تھا۔ اب یہ باب ایک اعلیٰ درجے کی پینٹنگ کرنے کی مشقیں فراہم کرے گا جس میں مختلف میڈیم مثلاً آبی رنگ، پوسٹر کلر، قلم سیاہی (Pen and Ink)، اور پیسٹل سے پینٹنگ کرنا شامل ہے۔ اس باب میں طلبہ وطالبات درستی، مشاہدے اور زیادہ مہارت کے ساتھ پورٹریٹ اور لینڈ اسکیپ کی مشقیں کریں گے۔

## 2.1 پورٹریٹ پینٹنگ

### آبی رنگوں سے پورٹریٹ بنانا

طلبا وطالبات آبی رنگوں سے پورٹریٹ بنانا سیکھیں گے جس کی شروعات ابتدائی خاکے سے ہوگی اور وہ مرحلہ وار آبی رنگوں کو لگانے کی مشق کریں گے۔ ان مشقوں کے ذریعے سے طلبا وطالبات اپنی پینٹنگ کو بامعنی اور بااثر بنا پائیں گے۔ چناں چہ وہ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے واضح، بامعنی اور قابلِ قدر فن پاروں کی تشکیل دے پائیں گے۔

یہ مشقیں طلبہ وطالبات میں پینٹنگ کی سمجھ بوجھ اور خود وضاحتی انداز کو اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی اور وہ مکمل پورٹریٹ، آبی رنگوں کا استعمال، رنگوں کو مکس کرنا، آبی رنگوں کے ذریعے سے گہرے سائے اور روشنی کا تاثر دیتی ہوئی ہائی لائٹ (Highlight) لگانا اور چیزوں کا مطالعہ اور مشاہدہ کرتے ہوئے مختلف قسم کے ٹیکسچر (Texture) بنانا سیکھنے کے ساتھ ساتھ اس باب میں دی گئی مشقوں کو دہرائیں گے۔

### آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 1

اس مشق کے لیے طلبہ وطالبات آبی رنگوں کے لیے استعمال ہونے والے کاغذ یعنی واٹر کلر شیٹ کو ڈرائنگ بورڈ کے اوپر پیپر ٹیپ (Paper Tape) کی مدد سے چسپاں کریں گے تاکہ آبی رنگوں کے استعمال کی وجہ سے اس پر سلوٹیں نمودار نہ ہوں۔ اس مشق کے لیے اساتذہ بچوں کو کاغذ کو گیلا کر کے آبی رنگوں کے استعمال کا طریقہ (Wet on Wet Technique) بھی سکھا سکتے ہیں۔

#### سامان

1۔ ربڑ سلوشن یا ماسکنگ لیکویڈ (Rubber Solution or Masking Liquid)

2۔ آبی رنگوں کی کٹ (Water color kit)

3۔ آبی رنگوں کے لیے استعمال ہونے والا کاغذ (Water color paper)

Web version of PCTB textbook

4۔ چپکانے کے لیے پیپر ٹیپ (Paper Tape)     5۔ ڈرائنگ بورڈ (Drawing Board)

6۔ باریک نوک والے نرم برش (Fine Tip Soft Brushes)

اب طلبہ وطالبات مندرجہ ذیل سینڈرین پیلسر (Sandrine Pelissier) کے بنائے گئے آبی رنگوں کے پورٹریٹ کی مرحلہ وار ترتیب کے مطابق مشق کریں گے۔



1۔ رنگوں کے استعمال سے قبل ہلکے رنگ کی پنسل پر کم دباؤ ڈالتے ہوئے مطلوبہ چہرے کا مکمل خاکہ تیار کریجیے۔




2۔ اب ربڑ سلوشن کو برش کی مدد سے چہرے کے ان حصّوں پر لگا دیں جہاں تیز روشنی کے تاثر کی وجہ سے کاغذ کو سفید چھوڑنا درکار ہو۔ یہ عمل اس لیے ضروری ہے کہ آبی رنگوں کی تہوں اور پانی کے استعمال کے باعث کاغذ کی سفیدی ختم ہونے کا خدشہ ہوتا ہے اور اس عمل کے بغیر جہاں ضروری ہو کاغذ کو سفید چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے۔

Web version of PCTB textbook



3۔ تصویر کے مطابق چہرے کے سایہ دار حصے پر ہلکے نیلے، جامنی اور نارنجی رنگ کی زیادہ پانی والی پتلی تہ لگائیں۔ اب کاغذ پر پانی کی صراحیت اور پھیلاؤ کا مشاہدہ کریں کچھ ٹونز (Tones) تو اسی عمل میں مختلف رنگوں کے گیلی سطح پر لگنے کی وجہ سے خود بخود بن جائیں گی۔ اب پینٹنگ کو مکمل طور پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دیں۔



4۔ اب جلد کی رنگت اور کپڑوں کے رنگ کو دیکھتے ہوئے رنگوں کی دوسری پتلی تہ کا اضافہ کریں۔

Web version of PCTB textbook




5۔ اب تصویر میں دِکھائے گئے رنگوں کے مطابق چہرے اور کپڑوں کے گہرے رنگ کے حصوں کو دیکھتے ہوئے قدرے گہرے رنگوں کی تہ میں اضافہ کریں اور بالوں کو بنانے کے لیے جامنی اور کالے رنگ کو ملا کر بنائی جانے والی پانی کی تہ کا استعمال کریں۔



6۔ باریک نوک والے نرم برش کا استعمال کرتے ہوئے قدرے گہرے رنگوں کا استعمال کریں اور آنکھوں، ناک کے نتھنوں، ہونٹوں، ہاتھوں کے نیچے کی طرف، چہرے پر، جبڑے کے نیچے کے حصے اور گردن کی سطح پر گہرے رنگوں کا استعمال کرتے ہوئے تفصیل میں اضافہ کریں۔ اب سبز، نیلے اور پیلے رنگ تیار کریں اور پانی کے اضافے سے اس کی پتلی تہ پیچھے کے حصے میں کھڑکی کے تاثر کو اجاگر کرنے کے لیے لگائیں۔

Web version of PCTB textbook


Web version of PCTB textbook

7۔ اب نمبر چھ مرحلہ میں تیار کیے گئے کھڑکی کے رنگوں میں مزید اضافہ کریں۔تصویر کے مطابق چہرے کے حصوں کو چھوڑتے ہوئے پچھلی دیوار کے تاثر کو ابھارنے کے لیے اوپر بیان کیے گئے رنگوں کی پانی ملی پتلی تہ لگا دیں اور اس کو مکمل طور پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دیں۔ جب یہ خشک ہوجائے تو ربڑ سلوشن (Rubber Solution) کی تہ کو آہستہ آہستہ اُتار دیں۔آپ دیکھیں گے کہ جہاں سے ربڑ سلوشن اتارا گیا وہاں کاغذ کی سفید سطح چہرے پر پڑنے والی روشنی کا تاثر ابھارنے میں ہائی لائٹ (Highlight) کا کام دے گی۔




Web version of PCTB textbook


8۔ اب پورٹریٹ کو مکمل کرنے کے لیے چہرے کے کناروں کو مزید نرمی سے ابھاریں اور چہرے کے نقوش اور رنگت کو ابھارنے کے لیے فریش، پیلے، گلابی اور نارنجی رنگوں کی پتلی تہ کا اضافہ کریں۔

# آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 2


اس مشق کو کرنے کے لیے طلبا اور طالبات پہلے مکمل تصویر کا جائزہ لیں گے۔ پھر نیچے کچھ مرحلہ وار تصویروں کا غور سے مشاہدہ کریں گے اور تصویر میں موجود چہرے، خاص کردار کی شکل وصورت کے مطابق آہستہ آہستہ مرحلہ وار ترتیب سے آبی رنگوں کی پتلی تہ لگاتے ہوئے چہرے کے نقوش میں اضافہ کریں گے۔ اس بار طلبہ وطالبات ایک خود وضاحتی انداز میں آبی رنگوں کا کاغذ کی سطح پر صراحت کرنا اور جلد کی رنگت کے مطابق رنگوں کا انتخاب کرنا سیکھیں گے۔




1



2




3




4

Web version of PCTB textbook



5




6



7

Web version of PCTB textbook



8

Web version of PCTB textbook

# آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 3

اس مشق کو کرنے کے لیے طلبا اور طالبات پہلے مکمل تصویر کا جائزہ لیں گے۔ پھر نیچے کچھ مرحلہ وار تصویروں کا غور سے مشاہدہ کریں گے اور تصویر میں موجود چہرے، خاص کردار کی شکل وصورت کے مطابق آہستہ آہستہ مرحلہ وار ترتیب سے آبی رنگوں کی پتلی تہ لگاتے ہوئے چہرے کے نقوش میں اضافہ کریں گے۔ اس بار طلبا و طالبات ایک خود وضاحتی انداز میں آبی رنگوں کا کاغذ کی سطح پر صراحت کرنا اور جلد کی رنگت کے مطابق رنگوں کا انتخاب کرنا سیکھیں گے۔



1



2

Web version of PCTB textbook



3

Web version of PCTB textbook



4



5

Web version of PCTB textbook



6

Web version of PCTB textbook


## آبی رنگوں کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 4

مندرجہ ذیل مشق میں طلبا و طالبات باقاعدہ طور پر مرحلہ وار پورٹریٹ کی مشق کر سکیں گے۔ وہ آبی رنگوں کو لگانے کی تکنیک کے ساتھ ساتھ اپنے طور پر مطلوبہ معیار حاصل کرنے کی کوشش بھی کریں گے۔



Web version of PCTB textbook

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھتے ہوئے آبی رنگوں کی مشق کریں۔



Web version of PCTB textbook

# پیسٹل کلر کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 5

پیسٹل پینٹ کرنے کا خشک میڈیم ہے اور نسبتاً جلدی جلدی استعمال ہونے کی خاصیت رکھتے ہیں۔ یہ عمومی طور پر چاک کی صورت میں یا پھر کسی ڈنڈی نما یعنی اسٹک (Stick) کی حالت میں پائے جاتے ہیں۔ اب بہت ساری کمپنیوں نے پنسل کی صورت میں بھی پیسٹل کلر بنا لیے ہیں۔ نرم قسم کے پیسٹل ماہر فن کاروں کے لیے موزوں ہیں جب کہ سیکھنے والوں کے لیے اور ابتدائی خاکہ کشی کے لیے سخت نوعیت کے پیسٹل استعمال کیے جاتے ہیں۔

مندرجہ ذیل مشق کے لیے جو سامان درکار ہے اس کی فہرست درج ذیل ہے:


1۔ سرمئی رنگ کی پیسٹل شیٹ
2۔ بھورے رنگ (Brown colour) کا سخت پیسٹل ابتدائی خاکہ کشی کے لیے
3۔ نرم پیسٹل
4۔ فکس ایٹو (Fixative)

مندرجہ ذیل مثال کو آنگ نگوین (Cuong Nguyen) ایک امریکی فن کار سے ماخوذ ہے۔

Web version of PCTB textbook



1۔ سخت اور بھورے رنگ کے پیسٹل سے چہرے کی خاکہ کشی کریں اور گہرے سایوں میں محسوس ہونے والے حصوں کو تصویر کے مطابق واضح کر لیں۔



2۔ اب ایک سفید رنگ کا پیسٹل استعمال کرتے ہوئے چہرے کی اناٹومی کے حساب سے چہرے کے نقوش پر پڑنے والی روشنی کے تاثر کو واضح کریں۔ جہاں کہیں درمیانی ٹون بنانا مقصود ہو وہاں سفید پیسٹل سے لگائے گئے سٹروکس کو انگلی کے پورے کی مدد سے ہلکا ہلکا رگڑ لیں اور تیز روشنی کے تاثر کے لیے لیے سفید پیسٹل کے سٹروکس کو واضح رکھیں۔



3۔ اب زردی مائل سبز رنگ (Yellow Green) کو جلد کے بنیادی رنگ کے طور پر لگائیں اور سفید پیسٹل کی مدد سے چہرے کے نقوش کو ابھارتے جائیں۔ گہرے اور ہلکے بھورے رنگ کو استعمال کرتے ہوئے چہرے کے نقوش کی تفصیل میں اضافہ کریں۔ ماتھے پر بننے والے گہرے سائے کو دکھانے کے لیے سرمئی رنگ کی شیٹ کو خالی چھوڑ دیں۔ پھر کالے رنگ کے پیسٹل سے پی کیپ (P-Cap) کے نیچے گہرے سائے والے حصے اور بالوں کی تفصیل میں اضافہ کریں۔



4۔ اب جلد کی رنگت کو حاصل کرنے کے لیے پیچ (Peach)، نیپل (Naple) اور فلیش ٹنٹ (Flesh Tint) رنگوں کا استعمال کریں اور چہرے پر پڑنے والی روشنی کے حساب سے نقوش کو واضح کریں۔

Web version of PCTB textbook



5۔ ڈاڑھی، گردن اور آنکھوں کے نیچے کے حصے بنانے کے لیے اور چہرے کے خدوخال اور کناروں کو مزید صفائی سے ابھارنے کے لیے سبز اور سرمئی رنگ کا انتخاب کریں۔اس عمل سے ایک شاندار قسم کی شبیہ بنانے میں مدد ملے گی۔

Web version of PCTB textbook



6۔ اختتامی اسٹروک لگاتے ہوئے کچھ ہائی لائٹ (Highlight) سب سے گہرے نشانوں اور فریش ورمیلین (Fresh Vermilion) یعنی فریش سرخ رنگ، پیچ (Peach) اور گلابی رنگوں کا اضافہ کریں۔

# پیسٹل کلر کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 6

یہ مشق بھی فطری طور پر سابقہ مشق سے مماثلت رکھتی ہے۔ بالکل اسی طرح کا مرحلہ وار طریقہ اپناتے ہوئے مشق کریں کہ سب سے پہلے سخت نوعیت کے براؤن یعنی بھورے پیسٹل سے ابتدائی خاکہ تشکیل دیں اور پھر چہرے کے نقوش، گہرے اور ہلکے رنگ اور روشنی کے تاثر کو بنانے کے لیے نرم پیسٹل کا استعمال کریں۔ مندرجہ ذیل مشق کو مرحلہ وار دہرائیں۔



1



2



3



4

Web version of PCTB textbook



5

Web version of PCTB textbook

# پیسٹل کلر کے ساتھ پورٹریٹ پینٹنگ کی مشق نمبر 7

اس مشق کو بھی سابقہ مشقوں کی طرح دہرایا جائے گا۔ طلباء و طالبات اس دفعہ سے زیادہ صفائی اور مہارت سے بنانے کی کوشش کریں گے۔



1

Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

شکل 2.1 شاہین اللہ ابڑو، پورٹریٹ پینٹنگ، روغنی رنگ



Web version of PCTB textbook

شکل 2.2 ایک بچے کا روغنی رنگوں سے پورٹریٹ

## 2.2 لینڈ اسکیپ پینٹنگ: قدرتی نظاروں کی پینٹنگ

اس بار لینڈ اسکیپ پینٹنگ کی مشق کرتے ہوئے طلبہ ٹیکسچر اور ٹونز (رنگت) کو مختلف میڈیم استعمال کرتے ہوئے بنانے کی کوشش کریں گے۔ اس مشق کے لیے وہ آبی رنگوں اور پیسٹل کا استعمال کریں گے۔

### بنیادی پرسپیکٹیو (Basic Perspective)

ان مشقوں میں آگے بڑھنے سے پہلے طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ سمجھیں کہ ایک پینٹنگ میں گہرائی اور حقیقی منظر کشی کیسے کی جاسکتی ہے۔ اس لیے وہ بنیادی پرسپیکٹیو لکیروں سے پرسپیکٹیو بنانا (Linear Perspective) اور رنگوں سے پرسپیکٹیو بنانا (Aerial Perspective) سیکھیں گے کیوں کہ رنگوں کی چمک دمک اور خوب صورت برش سٹروک خراب ڈرافٹ مین شپ کے ساتھ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔

پرسپیکٹیو کے اصول ہمیں بتاتے ہیں کہ کیسے ایک سیدھی فلیٹ سطح پر تین جہتی (Three Dimensional) حقیقت کے قریب اشکال کو پیش کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ جیومیٹریکل ہونے کی وجہ سے کچھ مشکل محسوس ہوتا ہے لیکن جب اسے مکمل طور پر سمجھ لیا جائے اور سیکھ لیا جائے تو آسان ہو جاتا ہے۔ اس کی مدد سے بڑی سادگی اور آسانی سے اپنے اردگرد موجود چیزوں کی ساخت اور ان کے وجود کو سمجھا جا سکتا ہے۔ اس عمل کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلی چیز جس کا جاننا ضروری ہے وہ ہے حدِ آسمان (Horizon Line) جہاں آسمان اور زمین ملے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ پرسپیکٹیو کے سیاق و سباق میں حدِ آسمان صرف ایک افقی لکیر ہے جو ہمارا آئی لیول (Eye Level) کہلاتا ہے۔ (آئی لیول نگاہ دوڑانے کی وہ حالت ہے جب ہم اپنی آنکھ کو بالکل سامنے کی طرف بالکل سیدھا رکھ کر دیکھتے ہیں اور آئی لیول ہمارے جسم کی حالت کے مطابق یعنی کھڑے ہوئے، بیٹھے ہوئے اور لیٹے ہوئے بدل جاتا ہے جیسا کہ شکل 2.5 میں دکھایا گیا ہے۔) سمندر یا کسی صحرائی زمین کا مشاہدہ کریں تو ہمیں اصل حدِ آسمان نظر آئے گی یعنی وہ لکیر یا لائن جہاں آسمان پانی سے یا زمین سے مِلتا ہے۔


Web version of PCTB textbook




شکل 2.3 اصل حدِ آسمان سمندر کے منظر میں



شکل 2.4 اصل حدِ آسمان سیدھی اور صحرائی زمین کے منظر میں




شکل 2.5 آئی لیول




شکل 2.6


شکل 2.6 میں سمندر کے پانی کی سطح آئی لیول کی لکیر کی نشاندہی کر رہی ہے جب کہ جہاں ہماری سیدھی نِگاہ پہاڑوں کو چھوتی ہے ایک نقطہ دار لکیر سے دِکھائی گئی ہے۔ پانی کی سطح جہاں آسمان سے ملتی ہے وہ سطح اور ہمارا آئی لیول دونوں برابر ہیں۔

Web version of PCTB textbook




شکل 2.7 میں پرسپیکٹو کا تاثر اس بات پر مبنی ہے کہ ہر شے ہمارے قریب سے جب دور ہوتی ہے تو اپنے سائز میں دوری کی وجہ سے چھوٹی محسوس ہوتی ہے۔اس حقیقت کو ہم اس تصویر کی مدد سے سمجھ سکتے ہیں۔اوپر دی گئی تصویر میں لکڑی کے بالے جو کہ سائز میں ایک جیسے ہیں عمودی سمت زمین میں گاڑھے ہوئے ہیں (شکل 2.7) اس تصویر کا مشاہدہ کریں تو آپ محسوس کریں گے کہ تمام بالے جیسے جیسے فاصلے میں دُور ہو رہے ہیں اپنے سائز میں چھوٹے اور پتلے ہوتے جا رہے ہیں حتٰی کہ اکٹھے ہوتے ہوئے غائب ہوتے محسوس ہو رہے ہیں۔جس نقطہ پر یہ غائب ہوتے معلوم ہو رہے ہیں اسے نقطۂ معدوم (Vanishing Point) کہا جاتا ہے۔

اب مندرجہ ذیل شکل 2.8 کا مشاہدہ کریں۔اس میں بھی اسی طرح لکڑی کی پھٹیاں ریلوے ٹریک کی صورت میں دِکھائی گئیں ہیں۔اب کی بار یہ لکیریں افقی ہیں اور جیسے جیسے فاصلہ بڑھ رہا ہے اس کا درمیانی فاصلہ کم ہو رہا ہے اور سائز میں لکیریں چھوٹی ہوتی جا رہی ہیں جو بالآخر نقطہ معدوم (Vanishing Point) سے مل جاتی ہیں۔یہ نُقطہ معدوم ہمارا آئی لیول ہوتا ہے۔




شکل 2.8

Web version of PCTB textbook




شکل 2.9

چناں چہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے اردگرد کی چیزیں پرسپیکٹو کے مطابق فاصلے پر آہستہ آہستہ سائز میں چھوٹی محسوس ہوتی ہیں اور اگر آئی لیول کے اوپر کے حصے اور نیچے کے حصے میں موجود اشیا کو لکیروں کی صورت میں بنائیں تو تمام لکیریں آئی لیول کی طرف جاتی ہوئی نقطہ معدوم پر اکٹھی ہو جاتی ہیں۔ جیسا کہ شکل 2.9 میں دِکھایا گیا ہے۔

اس تصویر میں بنے ڈبوں کا مشاہدہ کریں جن میں سے کچھ آئی لیول سے اوپر ہیں اور کچھ نیچے اس تصویر سے آپ بہ آسانی پرسپیکٹو کو سمجھ سکتے ہیں۔ پرسپیکٹو کی یہ قسم ایک طرفہ پرسپیکٹو (One Sided Perspective) کہلاتا ہے۔ ڈرائنگ یا پینٹنگ میں عمارتوں یا اشیا کے زاویوں سے واضح کی گئی گہرائی، زاویوں اور لکیروں پر مبنی ڈرائنگ یا پینٹنگ میں دِکھایا گیا پرسپیکٹو لینئر پرسپیکٹو (Linear Perspective) کہلاتا ہے۔ پرسپیکٹو کی ایک اور قسم ایریل پرسپیکٹو (Aerial Perspective) کہلاتی ہے۔

ایریل پرسپیکٹو میں چیزوں کی رنگت یا ٹون فاصلے پر آہستہ آہستہ ہلکی اور مدھم ہوتی محسوس ہوتی ہے جس کو دور تک پھیلے ہوئے سرسبز پہاڑی سلسلے کے منظر یا دور تک پھیلی ہوئی چٹانوں کے وسیع منظر میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ان مناظر میں بھی پیچھے آئی لیول کی طرف جاتے ہوئے رنگ آہستہ آہستہ مدھم ہوتے چلے جاتے ہیں اس حقیقت کو نیچے دیے گئے مناظر میں بخوبی محسوس کیا جا سکتا ہے۔ (شکل 2.10 اور 2.11)


شکل 2.10 اس منظر میں سبز رنگ کو فاصلے کی جانب آہستہ آہستہ مدھم ہوتا محسوس کر سکتے ہیں۔



شکل 2.11 اس منظر میں رنگوں کا فاصلے پر بتدریج مدھم ہونا اور ٹون کی تبدیلی کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔



Web version of PCTB textbook

تاہم اوپر دی گئی مثالوں اور بیان سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ پرسپیکٹو کے اصول کے مطابق چیزیں فاصلے پر آہستہ آہستہ مدھم اور سائز میں چھوٹی دِکھائی دیتی ہیں۔

مندرجہ بالا بیان اور مثالیں طلبا و طالبات کو گہرائی کے تاثرات اور پرسپیکٹو کے اصولوں کو سیکھنے میں مدد فراہم کریں گی اور وہ لینڈ سیکپ کی مشقوں میں لکیروں کے زاویوں اور رنگوں کی مُختلف ٹونز کو پرسپیکٹو کے مُطابق پیش کر سکیں گے۔ ان اصولوں کو سیکھتے ہوئے وہ کسی بھی منظر یا شے کی حقیقت سے قریب خاکہ کشی یا پینٹنگ کر پائیں گے۔



Web version of PCTB textbook

شکل 2.12

شکل 2.12 میں دِکھائی ایک سادہ سی مشق کے ذریعے سے لینیئر پرسپیکٹو(Linear Perspective) کی آبی رنگوں کی مدد سے مشق کریں جس میں ایک چھوٹے سے گھر کو مختلف جگہوں سے دِکھایا گیا ہے (جیسے آئی لیول سے اوپر، آئی لیول کے برابر اور آئی لیول سے نیچے)

# آبی رنگوں کے ساتھ لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 1

اس مشق کے لیے طلبا و طالبات اپنے اردگرد کے کسی بھی منظر کی عکاسی کریں گے اور براہِ راست مشق کے لئے اپنے گردونواح کے علاقے یا منظر کا انتخاب کریں گے۔ اساتذہ اس مشق کو کرانے کے لیے طلبہ و طالبات کو کسی کھلی جگہ پر لے جا سکتے ہیں۔

مندرجہ ذیل مرحلہ وار مثال طلبہ کو آبی رنگوں کے استعمال اور اپنی پینٹنگ کو پرسپیکٹو کے اصولوں کے مطابق بنانے میں مدد فراہم کرے گی۔


Web version of PCTB textbook

1۔ لینڈ سکیپ میں پرسپیکٹو کا مطالعہ کرنے کے لیے اوپر دی گئی مثال کے مطابق کسی تصویر کا انتخاب کریں۔ ابتدائی خاکہ ہلکی پنسل کو استعمال کرتے ہوئے اور پرسپیکٹو کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تشکیل دیں۔ سب سے پیچھے فاصلے پر موجودہ منظر کو ہلکے آبی رنگوں کی تہ لگاتے ہوئے پینٹنگ کا عمل شروع کریں اور آہستہ آہستہ آگے کی طرف آتے ہوئے رنگوں کی ٹونز میں اضافہ کرتے جائیں جیسا کہ مندرجہ ذیل مرحلہ وار ترتیب میں تفصیل سے واضح کیا گیا ہے۔



2.



3.

Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

4.



5



6

Web version of PCTB textbook



Web version of PCTB textbook

7



Web version of PCTB textbook

# آبی رنگوں کے ساتھ لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 2

اس مشق میں طلبہ و طالبات اپنے کلاس روم یعنی کمرہ جماعت سے باہر کسی منظر کا انتخاب کریں گے اور آبی رنگوں کی مدد سے ایریل پرسپیکٹو (Aerial Perspective) کے اصولوں کے مطابق منظر کشی کریں گے۔ یہ مشق انھیں آبی رنگوں میں مختلف قسم کی ٹونز بنانے میں مدد فراہم کرے گی اور وہ مندرجہ ذیل دی گئی ایریل پرسپیکٹو (Aerial Perspective) کے مطابق بنائی گئی پینٹنگ کو دہرا سکتے ہیں۔




شکل 2.13 آبی رنگوں کی پینٹنگ



شکل 2.14 آبی رنگوں کی پینٹنگ

Web version of PCTB textbook



شکل 2.15 آبی رنگوں کی پینٹنگ


Web version of PCTB textbook

# پیسٹل کلر کے ساتھ لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 3

کسی بھی گنجان آباد علاقے کی عمارتوں سے گھری بازاروں کی سڑکیں پرسپیکٹو کے مطابق لکیروں کے رخ اور رنگوں کی ٹونز کو سمجھنے کے لیے نہایت مناسب منظر سمجھیں جاتی ہیں۔


اس مقصد کے لیے اساتذہ طلبا و طالبات کو سکول کے قریب کسی بازار میں لے جا سکتے ہیں جہاں وہ براہِ راست مشق کے ذریعے سے پیسٹل کلر کے استعمال سے خاکہ کشی یا پینٹنگ بنا سکتے ہیں۔

تاہم مندرجہ ذیل مشق ان کے لیے اس قسم کی پنٹنگ بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔




Web version of PCTB textbook

1۔ کسی گنجان آباد علاقے یا بازار کی تصویر کا انتخاب کریں اور مندرجہ ذیل مرحلہ وار مشق کو دُہرائیں۔



2

2۔ کسی بھی گہرے رنگ کے پیسٹل یا کالے پیسٹل سے ابتدائی خاکہ تصویر کے مطابق تشکیل دیں اور مندرجہ ذیل مرحلہ وار ترتیب کے مطابق آہستہ آہستہ تفصیل اور رنگوں میں اضافہ کریں۔



3

Web version of PCTB textbook



4

Web version of PCTB textbook



5



6

Web version of PCTB textbook



7

Web version of PCTB textbook

# مِکس میڈیا لینڈ سکیپ کی مشق نمبر 4

اب طلبا و طالبات کُچھ میڈیم کو مکس استعمال کریں گے یعنی دو یا دو سے زیادہ مختلف میڈیم کا استعمال کرتے ہوئے منظر کشی کریں گے۔

نیچے دِکھائی گئی مثالوں کا غور سے مشاہدہ کریں۔



شکل 2.16 آبی رنگوں اور قلم سیاہی کے استعمال سے لینڈ سکیپ



شکل 2.17 آبی رنگوں اور پیسٹل کے استعمال سے لینڈ سکیپ



شکل 2.18 آبی رنگوں اور پیسٹل کے استعمال سے لینڈ سکیپ



شکل 2.19 آبی رنگوں اور پیسٹل کے استعمال سے لینڈ سکیپ

Web version of PCTB textbook